4950 ـ سجدہ تلاوت کے لیے کھڑا ہونے کا حکم

سوال

جب کوئی شخص مسجد میں قرآن مجید کی تلاوت کر رہا ہو یا کوئی دوسرا تلاوت کر رہا ہو اور سجدہ تلاوت کی آیت پر پہنچے تو کیا اس کے لیے کھڑا ہو کر سجدہ تلاوت کرنا افضل ہے، یا کہ وہ اپنی جگہ بیٹھے ہی سجدہ کر لے دونوں میں سے افضل کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سجدہ تلاوت کی بنا پر کھڑا ہونے کی مشروعیت پر ہمیں تو کوئی دلیل معلوم نہیں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .